بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تکبیرِ تحریمہ کے لئے ہاتھ کب اٹھائے جائیں؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

تکبیرِ تحریمہ کے لئے ہاتھ کب اٹھائے جائیں؟

## جواب

مسنون یہ ہے کہ تکبیر تحریمہ کہنے سے پہلے ہاتھ اٹھائیں اور اللہ اکبر کہتے ہوئے باندھ لیں۔

تکبیرِ تحریمہ کا طریقہ کار بیان کرتے ہوئے صدر الشریعہ، بدر الطریقہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ: "دونوں ہاتھ کان تک لے جائے کہ انگوٹھے کان کی لَو سے چُھو جائیں اور انگلیاں نہ ملی ہوئی رکھے نہ خوب کھولے ہوئے بلکہ اپنی حالت پر ہوں اور ہتھیلیاں قبلہ کو ہوں، نیت کر کے اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لائے اور ناف کے نیچے باندھ لے۔"

(بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ504، مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2417

تاریخ اجرا: 16 صفر المظفر 1447ھ/11 اگست 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net